3003-بلیڈاوراسترے فروخت کرنے کا حکم

سوال

میرے والد صاحب ہمیں بلیڈوں کے پیکٹ فروخت کرنے کے لیے بھیجتے ہیں، اسے مدنظر رکھتے ہوئے کہ ان بلیڈوں کو غالب طور پر داڑھی مونڈنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اور بہت ہی نادراورکم حالات میں مونچھیں اورزیرناف بال مونڈنے میں استعمال ہوتے ہیں، اسے دیکھتے ہوئے مجھے کچھ شک سا ہونے لگا ہے کہ کیا یہ حلال ہے یا حرام ؟ یعنی انہیں فروخت کرنا جائزہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

آپ کے لیے انہیں فروخت کرنا اوراس کی
قیمت سے نفع حاصل کرنا حرام نہیں، لیکن حرام اس شخص کے لیے ہے.جس کے پاس ہواوروہ اسے
حرام کام میں استعمال کرے.